# اسٹیٹ بینک نے ریگولیٹڈ اداروں کے لیے سائبر ریزیلینس حکمتِ عملی شروع کر دی

کراچی (لیبر نیوز کامرس اینڈ ٹریڈ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنے ’ویژن 2028 ایجنڈے‘ کے تحت ریگولیٹڈ مالیاتی اداروں کے لیے سائبر ریزیلینس حکمتِ عملی نافذ کر دی ہے، جس کا مقصد بینکاری اور مالیاتی نظام کی حفاظت اور مضبوطی کو فروغ دینا ہے۔

مرکزی بینک کے مطابق حکمتِ عملی بینکوں اور مالیاتی اداروں کو ابھرتے ہوئے سائبر خطرات سے محفوظ رکھنے اور مالیاتی خدمات تک بلا تعطل اور محفوظ رسائی یقینی بنانے کے لیے ایک جامع روڈ میپ فراہم کرتی ہے۔

حکمتِ عملی کی پانچ اہم ترجیحات میں بینکوں کی صلاحیت کو مضبوط بنانا، **سائبر سیکیورٹی گورننس** بہتر کرنا، شعبے میں تعاون اور معلومات کے تبادلے کو فروغ دینا، ماہر افرادی قوت تیار کرنا اور حفاظتی طریقوں کو مسلسل اپ ڈیٹ کرنا شامل ہیں۔

اسٹیٹ بینک نے کہا کہ وہ مقامی اور عالمی سطح پر سائبر صورتحال کی نگرانی کرے گا اور ضرورت پڑنے پر حکمتِ عملی میں نظرثانی کر کے صارفین

ک□ تحفظ، □یجیٹل جدت اور مالیاتی استحکام کو برقرار رکھ□ گا□